سوال

(57) میت کے گھر میں تین روزتک گھروں میں لوگوں کا آنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

گھر میں کوئی مرجائے اس کے گھر کے لوگ تین روزتک آتے رہتے اور دعا کرتے ہیں۔ لہٰذا یہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

تعزیت میں سنت تو یہی ہے۔ کہ مردے کے پسماندگان کو تسلی دی جائے اسی ضمن میں مردے کے لئے دعا بھی کر دی جائے۔ تو گناہ نہیں تعزیت کا اصلی کام پچھلوں کو تسلی دینا ہے۔ جو صورت سوال میں ممکن ہے سنت نہیں۔ میرے نزدیک حرام اور گناہ بھی نہیں ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 53

محدث فتویٰ